Maulana Azad National Urdu University

M.A. Economics, II Semester Examination, July 2023

Paper : MAEC201CCT : International Trade & Finance

پرچہ : بین الاقوامی تجارت اور فینانس

Time : 3 hrs | Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1



(i) شکل شمار 1 کے حوالے سے اگر محصول درآمدات کو T کے برابر بڑھایا جائے تو دوران ملک طلب کس مقدار کے مطابق تبدیلی ہوگی۔

(a) 20 کے مطابق بڑھے گی　　(b) 10 کے مطابق کم ہوگی

(c) 20 کے مطابق کم ہوگی　　(d) 30 کے مطابق بڑھے گی

(ii) شکل شمار 1 کے حوالے سے محصول درآمدات اگر T کے بغیر کم کیے جائیں تو داخلی توازن کے مقابلے میں اشیا کی طلب میں کیا تبدیلی ہوگی؟

(a) 40 کے مطابق بڑھے گی　　(b) 30 کے مطابق کم ہوگی

(c) 10 کے مطابق کم ہوگی　　(d) 20 کے مطابق بڑھے گی

(iii) شکل 1 کے حوالے سے محصول درآمدات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اتلاف کارکردگی خسارہ Deadweight Loss کی پیمائش ذیل میں سے کس طرح کی جاسکتی ہے؟

(a) JMHN+EJH (b) JMNH+HNB (c) JCM+GACH (d) 30 کے مطابق بڑھے گی

(iv) ذیل میں سے کون سی سطح انضمام سب سے اعلیٰ ترین مانی جاتی ہے؟

(a) آزاد تجارتی علاقہ Free Trade Area (b) الحاق عدم محصولات Customs Union

(c) ترجیحی تجارتی علاقہ Preferential Trade Area (d) پسندیدہ تجارتی ملک Most Favoured Nation

(v) کس تجارتی الحاق میں عوامل پیداوار کے تبادلے پر کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی ہے؟

(a) آزاد تجارتی علاقہ Free Trade Area (b) الحاق عدم محصولات Customs Union

(c) الحاق زر (Monetary Union) (d) الحاق معیشت (Economic Union)

(vi) ادائیگیوں کے توازن Balance of Payment سے کیا مراد ہے؟

(vii) ایڈم اسمتھ کے نزدیک تجارت کی بنیاد کیا ہے؟

(viii) مقررات تجارت (Terms of Trade) کسے کہتے ہیں؟

(ix) جاذب محنت Labour Intensive اور جاذب سرمایہ (Capital Intensive) اشیاء کسے کہتے ہیں؟

(x) محصول درآمدات (Import Tariff) کا اتلاف کارکردگی خسارہ Deadweight Loss کے بارے میں لکھیے۔

حصہ دوم

2. مطلق افادہ (Absolute Advantage) کے تصور پر روشنی ڈالیے۔

3. تقابلی لاگت افادہ کو کسی مثال سے واضح کیجیے۔

4. شرح خراج (Tariff Rate) کے معاشی اثرات واضح کیجیے۔

5. اختیاری محدودیت برآمد (Voluntary Export Restraint) کے معنی بہ مثال واضح کیجیے۔

6. حساب جاریہ (Current Account) کے ماذخل حسابات کی تفصیل بیان کیجیے۔

7. حساب سرمایہ (Capital Account) کے معنی و مفہوم بہ مثال لکھیے۔

8. شرح زرمبادلہ (Exchange Rate) کی تعریف بہ مثال واضح کیجیے۔

9. متعین شرح زرمبادلہ (Fixed Exchange Rate) میں بازار کے توازن کی کیفیت واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10. ہیکشر اور اوہلن کے تجارتی ماڈل کو بیان کیجیے۔

11. متعین شرح زرمبادلہ کے نظام (Fixed Exchange Rate) میں اگر بازار میں توازن باقی نہ رہے تو اس توازن کو پیدا کرنے کا نظم کیا ہے؟

12. حساب سرمایہ (Capital Account) کے اہم مندرجات کیا ہیں؟

13. مختلف درجہ کے معاشی انضمام (Economic Integration) کی تفصیلات بیان کیجیے۔

14. ہندوستان کی علاقہ واری تجارتی کردار پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆